# مطبوعات

**وانائے سبل:** مؤلف: جناب حکیم محمد سعید صاحب۔ ناشر: ہمدرد فاؤنڈیشن پریس۔ پتہ: ہمدرد سنٹر، ناظم آباد نمبر۳۔ کراچی ۷۴۶۰۰۔ سفید کاغذ پر بہت اچھی کمپیوٹری طباعت۔ صفحات ۱۹۲۔ مضبوط جلد دھنک کے سارے رنگوں کے ساتھ اور کلمہ طیبہ کے ۶ آرٹسٹک ڈیزائن۔ قیمت ۷۰ روپے۔

مؤلف نے افادہ عام کے لیے طباعت و اشاعت کی کھلی اجازت دے دی ہے۔ یعنی۔

ساقیا! دَور چلے، اور چلے، اور چلے

اللہ کی دین ہے کہ حکیم سعید جو شاید بیک وقت پانچوں انگلیوں سے پانچ قلم باندھ کے مضامینِ نَو کے انبار لگاتے رہتے ہیں، ایک ایسی دلکش کتاب سامنے لائے ہیں جو ۱۳۹ صفحات میں رسول خاتم النبین محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت و تعلیم کے بہت سے اہم پہلوؤں کو نگاہوں کے سامنے ابھار دیتی ہے۔

ذکرِ جمیل کے عنوان سے ابتدائی گیارہ اہم نگارشات کو چھوڑ کر ۲۷ مختصر مضامین میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے منصب، طریق دعوت، خلق و مروت اور دوسری تمام خوبیاں اور کمالات، فرائض منصبی کا حق ادا کرنے کی شان اور انسانی معاشرہ میں احترام انسانیت سے لے کر اہل و عیال، پڑوسیوں، رشتہ داروں، بچوں اور عورتوں، خصوصاً غربا اور غلاموں کے متعلق آپؐ کے ان پاکیزہ رویوں کی تصویر آنکھوں میں پھر جاتی ہے جن کے یکجا ہونے سے وانائے سبل کی شخصیت و سیرت بنتی ہے اور جو حضورؐ کی تعلیم اور پیغام اور دین کا اصل سرمایہ ہیں۔ ہمارے نبی برحق صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت کا مقصد ہی کتابِ الٰہی کی تعلیم دینا، دینی زندگی کی حکمت کا درس پھیلانا اور ایمان لانے والوں کا تزکیہ کر کے انہیں ایک خاص طرح کا عملی انسان بنانا اور فکر اور عمل کو کتابِ الٰہی اور اس کے عملی نمونہ (اسوہ حسنہ) کے سانچوں میں ڈھالنا تھا۔ اور آج ہم جن

آفات و آلام میں گرفتار ہیں' ان سے نکلنے کے لیے محمدیؐ ساخت کے انسانوں کی ضرورت ہے۔

بدقسمتی سے ایسے عملی انسان (مرد مومن) کم ہوتے گئے اور نبی پاکؐ کی تعریفیں کرنے والے' قوالیاں اور نعت خوانیاں کرنے والے' اور محض یہ نمائش کرنے والے تعداد میں مسلسل بڑھتے چلے گئے' جو حضورؐ کے ایمانی و اخلاقی سانچے میں پوری طرح ڈھلنے کے لیے تیار نہیں۔

حکیم محمد سعید صاحب کی یہ تالیف شاید حضورؐ کے اصل چہیتے عملی مومن پیدا کرنے میں خاص مدد دے سکے گی۔ کاش کہ اس طرح کی تعلیمات خانہ بہ خانہ بچپن ہی سے دی جانے لگیں اور پھر مدرسہ اور اسکول گھریلو تعمیر کی تکمیل کرے۔

یہ اعتراف کرنا ضروری ہے کو جو کتابیں میں عام طور پر اس موضوع پر دیکھتا ہوں' ان میں "ذکر جمیلؐ" اس لحاظ سے خاصا امتیاز رکھتی ہے کہ تمام عبارات نہایت لطیف ادبیت کی امانت دار ہیں۔ پھر ۲' ۲' ـــــ ۳' ۳ صفحوں کے مضامین اپنے اجمال میں آفاقی وسعتیں لیے ہوئے ہیں۔ کوئی اور یہی باتیں لکھتا تو ممکن ہے کہ کتاب کی ضخامت ۳ یا ۴ گنا بڑھ جاتی۔

خدا مؤلف پر بھی رحمت فرمائے اور ذکرِ جمیل کا مطالعہ کرنے اور اس سے حقیقی استفادہ کرنے والوں پر بھی۔

مخیر حضرات اور خدمت دین کے ادارے جناب مولف کی اجازت سے فائدہ اٹھا کر اس کتاب کو جگہ جگہ سے شائع کرکے فروغ دین کی سعی کریں! (ن ص)

---

**SUDAN**: از جناب حسن مکی' محمد احمد صاحب۔ ناشر' مارک فیلڈ' لانسٹر دولت مشترکہ۔ ORN LE6۔ قیمت درج نہیں۔

یہ نہایت شاندار علمی کتاب ہے۔ اس میں سوڈان میں (خصوصاً جنوبی حصہ میں) صلیبی نفوذ کا جائزہ ہے۔ کتاب اتنی اہم بحثیں اور حوالے سامنے لاتی ہے کہ مغربی شہنشاہیت اور اس کے کلچر کی پیش قدمی کو سمجھا جا سکتا ہے۔ بلکہ سوڈان کے آئینے میں دوسری مسلم افریقی ریاستوں کے احوال اور پورے عالم اسلام میں بھی مغربیت کی یلغار کا اندازہ کیا جا سکتا ہے۔ فوجوں کا کام دوسری طرح کا ہے' مگر مشنری خدمتی اور سازشی ادارے چپ چاپ دیمک اور چیونٹیوں کا کام کر رہے ہیں۔ ادھر ہماری آزادی و حاکمیت کے محل کھڑے ہیں اور نیچے ان محلوں کی بنیادوں کو کھوکھلا کرنے کا کام ہو رہا ہے۔ کہیں کہیں محل والوں کی منظوری سے بھی۔